**فوری ریلیز کے لیے:** 12/7/2023 ***KATHY HOCHUL گورنر***

***گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے باشندوں کو خبردار کیا کہ وہ انتہائی موسمی حالات کے بعد قیمتوں میں اضافے سے باخبر رہیں***

***قیمتوں میں اضافے کے قوانین صارفین کے تحفظ کے لیے متاثرہ علاقوں میں متحرک***

***ریاست نیو یارک کے تحفظِ صارفین کے ڈویژن کی جانب سے شکایت دائر کرنے میں مدد***

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک کے باشندوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ مڈہڈسن کے علاقوں اور اونٹاریو کاؤنٹی کے کیننڈیگوا علاقے میں شدید موسمی واقعات کے نتیجے میں اشیاء کی قیمتوں میں ممکنہ اضافے سے آگاہ رہیں۔ 10 جولائی 2023 کو، گورنر Kathy Hochul نے [متعدد کاؤنٹیز](#) کے لیے ریاستی ہنگامی صورتِ حال کا اعلان کیا ہے، جہاں شدید بارشوں کے نتیجے میں شدید سیلاب، متعدد سڑکوں کی بندش اور طوفان سے متعلق دیگر اثرات رونما ہوئے ہیں۔ ریاستی ہنگامی صورت کے اعلامیے کے بعد ریاست نیو یارک کے قیمتوں میں اضافے کے قوانین متحرک ہو گئے، جو کہ ان متاثرہ علاقوں میں اشیائے صرف کی فروخت اور سروس کی انتہائی بلند نرخوں پر فراہمی کی ممانعت کرتے ہیں۔

"ان ریٹیلرز کا قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کرنا غیر مناسب ہے جیسا کہ نیو یارک کے افراد پہلے ہی ریاست بھر میں شدید موسمی حالات سے دوچار ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جیسا کہ کمیونٹیز شدید سیلابی صورتحال سے بحال ہو رہی ہیں، میں نیو یارک کے افراد کو ممکنہ دھوکے بازوں سے چوکنا اور باخبر رہنے کی تاکید کرتی ہوں۔ ضرورت کے وقت صارفین کی مجبوری سے فائدہ اٹھانے والے برے کردار کے حامل افراد سے حساب لینے کے لیے ہم وہ سب کریں گے جو ہمارے اختیار میں ہو گا۔"

**ریاست نیو یارک کے سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا،** "موسلا دھار بارش اور شدید سیلاب نے ریاست نیو یارک کی کمیونٹیز کو زبردست نقصان پہنچایا ہے۔ چونکہ ان متاثرہ علاقوں میں نیو یارک کے باشندے شدید موسمی واقعات کے اثرات سے بحال ہونا شروع ہو گئے ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ کسی بھی ایسے کاروبار پر نظر رکھیں جو اشیائے صرف اور خدمات کے لیے زیادہ یا انتہائی ہوشربا قیمتیں وصول کر رہے ہوں اور فوری طور پر ان کی اطلاع دیں۔"

ایک تاجر مارکیٹ میں ان اشیا اور خدمات کے غیر معمولی تعطل کے دوران "قیمتوں میں اضافہ" کر سکتا ہے جو کہ صارفین یا عام عوام کی صحت، حفاظت اور فلاح و بہبود کے لیے اہم اور ضروری ہیں، تاجر گورنر کی جانب سے ریاستی ہنگامی صورت کے اعلامیے کے تحت احاطہ کردہ - کسی بھی علاقے میں کافی حد تک نرخ بڑھا رہا ہے - بلکہ ان کی "انتہائی ہوشربا قیمت" وصول کر رہا ہے۔
ایک تاجر متاثرہ علاقوں میں درج ذیل کے لیے "انتہائی ہوشربا قیمتیں" لاگو نہیں کر سکتا:

- ذاتی، خاندانی یا گھریلو استعمال کے مقاصد کے لیے خصوصاً استعمال ہونے والی اشیائے صرف یا خدمات؛
- نگہداشت، بیماری کو کم کرنے والے علاج، بیماری یا مرض کے علاج معالجے یا بچاؤ کے لیے ازحد ضروری طبی ترسیلات اور سروسز؛ یا

- کوئی بھی دیگر ضروری اشیائے صرف اور خدمات جو کہ عوام کی صحت یا تندرستی کو فروغ دینے کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔

مارکیٹ میں غیر معمولی خلل و رکاوٹ ایک حقیقی یا فوری طور پر خطرے سے دوچار تبدیلی ہے جو کہ متعدد قانونی طور پر تسلیم شدہ واقعات میں سے کسی ایک کے نتیجے میں پیش آتی ہے، ان میں شدید موسمی حالات، فطرت میں اچانک تبدیلی، بجلی یا توانائی کے دیگر ذرائع کی بندش یا خلل، یا مارکیٹ میں غیر معمولی خلل کی دیگر وجوہات شامل ہیں جس کے نتیجے میں گورنر کی جانب سے ریاستی ہنگامی حالت کا اعلان کیا گیا ہے۔
عام طور پر، "قیمتوں میں ہوشربا اضافہ" عدالت کی جانب سے تلاش کیا جا سکتا ہے جب:

1. مارکیٹ میں خلل و رکاوٹ وقوع ہونے کے دوران فروخت کنندہ کی جانب سے وصول کی جانے والی قیمت اور اسی فروخت کنندہ کی جانب سے شدید موسمی حالات کے شروع ہونے سے فوراً پہلے وصول کی گئی قیمتوں کے درمیان نمایاں فرق پایا جاتا ہے؛ یا
2. ایک فروخت کنندہ کی جانب سے شدید موسمی واقعے کے دوران وصول کی جانے والی قیمت مجموعی طور پر اسی یا اس سے ملتی جلتی اشیا اور خدمات کی قیمت سے زیادہ ہے جو دوسرے صارفین کی جانب سے متاثرہ علاقے میں آسانی سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**قیمتوں میں اضافے پر صارفین کا ردِعمل**
نیو یارک کا کوئی بھی مکین جسے ضرورت سے زیادہ قیمت والی اشیائے ضروریہ یا خدمات نظر آئیں جو بنیادی طور پر ذاتی، خاندانی یا گھریلو مقاصد کے لیے استعمال ہوتی ہیں یا شدید موسمی واقعات کا ردعمل دینا ہو تو اسے ریاست نیو یارک کے تحفظِ صارفین کے ڈویژن ( New York State Division of Consumer Protection، DCP) کو DCP صارفین کی ہیلپ لائن 800-697-1220 پر کال کر کے یا DCP کی ویب سائٹ www.dos.ny.gov/consumerprotection پر وزٹ کر کے شکایت دائر کروانی چاہیئے۔ ان وینڈرز، ریٹیلرز اور سپلائیر کے خلاف شکایات درج کروائی جا سکتی ہیں جو ریاست نیو یارک میں کاروبار کر رہے ہیں۔

اطلاع دیتے وقت، تاجر کے مقام اور ضرورت سے زیادہ قیمتوں کا کوئی بھی دستیاب ثبوت، جیسے رسیدیں یا تصویریں شامل کرنے کے لیے مبینہ گراں فروشی کی تفصیلات فراہم کرنے کے لیے تیار رہیں۔

DCP کنزیومر اسسٹنس یونٹ شکایت کا جائزہ لے گا اور، اگر مناسب ہو تو، صارف کی جانب سے رضاکارانہ ثالثی میں مشغول ہو گا یا نفاذ کی کارروائی شروع کرنے کے لیے شکایت کو اٹارنی جنرل کے دفتر میں بھیجے گا۔ دونوں صورتوں میں، ڈویژن صارفین کو ان کی جانب سے کیے گئے تمام اقدامات سے آگاہ کرتا رہے گا۔ شدید موسمی صورتحال میں قیمتوں میں اضافے کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

**ریاست نیو یارک کے تحفظِ صارفین کے ڈویژن کے بارے میں**
ریاست نیو یارک کے تحفظ صارفین کا ڈویژن اشیائے صرف کی حفاظت کے لیے صارفین کو وسائل اور آگاہی مواد فراہم کرتا ہے، نیز صارفین اور کاروبار کے درمیان رضاکارانہ ثالثی کی خدمات بھی پیش کرتا ہے۔ کنزیومر اسسٹنس ہیلپ لائن نمبر 1-800-697-1220 بروز پیر تا جمعہ صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک، ماسوائے ریاستی تعطیلات کے، دستیاب ہے، اور صارفی شکایات کسی بھی وقت www.dos.ny.gov/consumer-protection پر دائر کی جا سکتی ہیں۔

صارفین کے تحفظ کے مزید مفید طریقوں کے لئے ڈویژن کو سوشل میڈیا پر فالو کریں
Twitter: @NYSConsumer اور Facebook: www.facebook.com/nysconsumer۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں